# فیڈرل بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن

## اسلام آباد

# اسیسمنٹ فریم ورک

## برائے

# فنکشنل اردو گیارھویں

## کریکولم 2025

## SCHEME OF STUDIES 2024

# اظہارِ تشکر

اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری کے سلسلے میں تشکیلی و حتمی جانچ اور فنکشنل اُردو مضمون کے جن ماہرین نے مسلسل محنت کی۔ ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

1. محترم امجد اقبال، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز، G-10/4 اسلام آباد
2. ڈاکٹر صائمہ صادق، ایسوسی پروفیسر، ایف جی لیاقت علی ڈگری کالج فار بوائز، پشاور روڈ راولپنڈی
3. محترم شاہد محمود، ایسوسی ایٹ پروفیسر، اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز، H-9 اسلام آباد
4. ڈاکٹر سید محسن علی عابدی، ایسوسی ایٹ پروفیسر، ایمالا فاؤنڈیشن سکول اینڈ کالج، راولپنڈی
5. ڈاکٹر فردوس کوثر، لیکچرر، بحریہ کالج، ای ایٹ اسلام آباد
6. محترمہ سمیرا شعمین، ماہر مضمون، آرمی پبلک سکول اینڈ کالج سیکرٹریٹ، راولپنڈی

اس مؤقر و مؤثر پراجیکٹ کی تکمیل، چیئرمین وفاقی تعلیمی بورڈ جناب ڈاکٹر اکرام علی ملک کی نگرانی اور سرپرستی کے بغیر ممکن نہ تھی۔ اس سلسلے میں وفاقی تعلیمی بورڈ کا شعبہ ریسرچ کی کاوشیں خصوصی طور پر لائق تحسین ہیں خاص طور پر سید ذوالفقار شاہ، ڈپٹی سیکرٹری، ریسرچ اینڈ اکیڈمکس کا ذکر کرنا ضروری ہے کہ اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری میں ان کا فعال اور کلیدی کردار رہا ہے۔

**مرزا علی**

**ڈائریکٹر**

**ایف بی آئی ایس ای، اسلام آباد**

# اسیسمنٹ فریم ورک فنکشنل اردو 2025

وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد امتحانی نظام کو بدلتی دنیا کے جدید تر تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے پر کمربستہ ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لیے گاہے گاہے ایسے عملی اقدامات بھی اٹھائے جاتے ہیں جیسا کہ قومی نصاب اور حاصلات تعلم کی روشنی میں امتحانی پرچہ جات کی تیاری کو خصوصی طور پر اہمیت دی گئی ہے۔ ہماری اس کوشش کو طلبہ، اساتذہ، ماہرین مضمون اور تعلیمی اداروں کی جانب سے سراہا بھی جارہا ہے۔ اس تمام تناظر میں یہ بات خوش آئند اور حوصلہ افزا ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد وطنِ عزیز کے تمام تعلیمی بورڈز میں سرفہرست ہے۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے ایک ایسا لائحہ عمل ترتیب دیا جارہا ہے کہ جس پر عمل پیرا ہونے سے طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچوں کے ممتحنین کسی قسم کے ابہام کا شکار نہ رہیں گے۔

یہ امر ہمارے لیے باعثِ افتخار ہے کہ وفاقی تعلیمی بورڈ اسلام آباد نے جماعت گیارھویں کے لیے اسیسمنٹ فریم ورک یعنی امتحانی نقطہ نظر سے تشکیلی جانچ (Formative Assessment) و حتمی جانچ (Summative Assessment) کا ایک ڈھانچہ تشکیل دینے کا اعزاز حاصل کیا ہے یہ اپنی نوع میں پاکستان کی سطح پر ایک نیا تجربہ ہے جس کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ موجودہ قومی نصاب 2025 کو اس طرح عملی طور پر لاگو کیا جائے کہ طلبہ، اساتذہ اور امتحانی پرچہ جات کے ممتحنین (Paper Setters) کو سالانہ امتحان کی تیاری کے سلسلے میں اپنے اپنے شعبے میں مکمل رہ نمائی دستیاب ہو جائے۔ طلبہ اس بات سے آگاہ ہوں کہ انھوں نے کیا پڑھنا ہے اور اساتذہ کرام کو پتا ہو کہ سالانہ امتحان کی ضرورت کے تحت انھوں نے کیا پڑھانا ہے جب کہ امتحانی پرچے کی تیاری میں بھی یہ فریم ورک مکمل طور پر مدد و معاون ثابت ہو۔ اس طرح تشکیلی و حتمی جانچ کا یہ ہمہ جہت خاکہ یا ڈھانچہ ایک مکمل رہ نما کا کردار ادا کرے گا۔

اسیسمنٹ فریم ورک کی تیاری میں تشکیلی و حتمی جانچ اور اُردو مضمون کے ماہرین اور تجربہ کار اساتذہ نے حصہ لیا۔ قومی نصاب 2025 کا گہرائی اور عمیق النظری سے مطالعہ کیا گیا۔ محنت، لگن اور توجہ کے ساتھ تمام حاصلات تعلم کا احاطہ کرتے ہوئے یہ فریم ورک تیار کیا گیا ہے۔

# تشکیلی جانچ (Formative Assessment)

تشکیلی جانچ (Formative Assessment) تعلیمی عمل کا ایک اہم عنصر ہے، جو طلبہ اور معلمین دونوں کے لیے جماعت (Class Room) میں ہونے والے تدریسی عمل اور تعلم کا موثر جائزہ پیش کرتا ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ سیکھنے سکھانے کے عمل سے جڑی ہوتی ہے جو کہ طلبہ کی فہم اور تدریسی عمل کی کارکردگی اور کارآمد ہونے کو پرکھتے ہوئے آئندہ کی تدریسی حکمت عملی مرتب کرنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ حتمی جانچ کے برعکس تشکیلی جانچ میں سند (Certificate) کا اجرا نہیں کیا جاتا بلکہ اس کا بنیادی مقصد تعلم کے موثر یا غیر موثر ہونے کے بارے میں معلومات فراہم کرنا ہوتا ہے۔

تشکیلی جانچ کا بنیادی مقصد تعلم کے عمل میں رہ جانے والی خامیوں کی نشان دہی کرنا ہوتی ہے تاکہ بروقت اقدامات کرکے ان کی تلافی کی جاسکے اور پڑھانے کے عمل کو بہتر بنایا جاسکے۔ یہ مؤثر اور متحرک طریقہ کار اساتذہ کرام کو اپنے طلبہ کی نصابی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے اپنے تدریسی تعامل میں بہتری لانے کے لئے ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ذہنی آزمائش کے سوالوں یا کلاس میں بحث و مباحثہ کے ذریعے اساتذہ کرام کو یہ معلوم ہوتا ہے کہ کلاس کے کتنے بچے کسی ایک مخصوص موضوع کو سمجھنے میں کتنی دقت محسوس کر رہے ہیں اور کتنی نئی معلومات اور اضافی توضیحات کے ساتھ یا کسی تدریسی تعامل کی مدد سے اپنے موضوعِ تدریس پر نظر ثانی کی کسی حد تک ضرورت ہے۔ تدریسی عمل کی یہ لچک مطالعاتی مواد کی ہمہ جہت اور گہری تفہیم کے لئے بہت ضروری ہوتی ہے۔ تشکیلی جانچ کی مختلف صورتیں ہیں جس میں کمرہ جماعت میں بحث و مباحثہ، مشاہدات اور زبانی سوالاً جواباً جیسے غیر روایتی دوستانہ طریقے شامل ہیں۔

تشکیلی جانچ کا تنوع اساتذہ کرام کے لیے مختلف النوع ترجیحات کا دروازہ کھول دیتا ہے تاکہ سیکھنے کے سفر میں تمام طلبہ مشغول اور مصروف کار رہیں۔ تشکیلی جانچ جماعت (Class Room) میں سیکھنے کے عمل کے سازگار ماحول پیدا کرنے کے حوالے سے نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔

تشکیلی جانچ ایک ایسا طاقت ور پیمانہ ہے جسے موثر طریقے سے نافذ العمل کرکے سیکھنے سکھانے کے عمل کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ یہ طلبہ اور اساتذہ کے لئے بصیرت افروز ثابت ہوتی ہے اور ایک ایسا سازگار ماحول تخلیق کرتی ہے جس میں سیکھنے سکھانے کا عمل دوچند ہو جاتا ہے۔

# حتمی جانچ(Summative Assessment)

حتمی جانچ(Summative Assessment)تعلیمی سرگرمیوں کا ایک ایسا بنیادی عنصر ہے جسے ایک مخصوص تدریسی دورانیے (سیشن) کے اختتام پر طلبہ کے تعلم اور کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے مرتب کیا جاتا ہے۔ تشکیلی جانچ کے برعکس حتمی جانچ ایک ایسے پیمانے اور میزان کا کام دیتی ہے جس سے اس بات کی صراحت ہو جاتی ہے کہ طلبہ نے کتنا اور کیا کچھ سیکھا ہے۔ حتمی جانچ کا انعقاد کسی سبق، نصاب یا تدریسی عمل کے اختتام پر کیا جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں حتمی جانچ کا مقصد یہ دیکھنا ہوتا ہے کہ تدریسی مقاصد کا حصول کس حد تک ممکن ہو سکا ہے۔ حتمی جانچ کا بنیادی مقصد تدریس و تعلم کی مجموعی کارکردگی کی پرکھ کرتے ہوئے اس کی سند (Certificate) کا اجرا ہوتا ہے۔ حتمی جانچ اکثر اوقات تحریری امتحانات کی شکل میں ہوتی ہے ۔ اس جانچ کے ذریعے طلبہ کسی مخصوص مضمون میں یا تمام مضامین میں وقت کے مخصوص دورانیے عموماً سال کے آخر میں اپنی تعلیمی کارکردگی وصلاحیت کی بنیاد پر سند (Certificate) حاصل کرتے ہیں۔

حتمی جانچ طلبہ کی تدریجی کارکردگی، سندیافتگی یا تدریس و تعلم کی مختلف سطحوں پر درجہ بندی کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ مزید یہ کہ حتمی جانچ کے نتائج کے اشاریوں سے ہمیں تدریسی حکمتِ عملی اور نصاب کے حوالے سے مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں ۔ حتمی جانچ کے نتائج کا تجزیہ کرنے سے ماہرینِ تعلیم کو مستقبل کے تدریسی عمل میں بہتری لانے کا موقع میسر آتا ہے جس سے وہ تدریس و تعلم کی خوبیوں، خامیوں اور رجحانات کی نشاندہی کرتے ہیں۔

طلبہ کی مجموعی کارگردی کا جائزہ مہیا کرتے ہوئے حتمی جانچ، تدریس و تعلم میں ایک کلیدی کردار ادا کرتی ہے جب کہ یہ اپنی اہمیت اور تعامل کے حوالے سے تشکیلی جانچ سے مختلف ہوتی ہے۔ تعلیمی کارکردگی کی جانچ کے حوالے سے حتمی جانچ ایک نہایت ضروری پیمانہ ہے۔ حتمی جانچ طلبہ کی کارکردگی میں مجموعی بہتری لانے میں بہت موثر اور اہم کردار ادا کرتی ہے۔

# ASSESSMENT FRAME WORK FOR FUNCTIONAL URDU

## National Curriculum 2025

## SLOs Bifurcation  Class XI & XII

### مہارت (الف): سننا

**معیار:** مختلف سمعی ذرائع سے سنی جانے والی اُردو پر اپنی توجہ، فہم اور ادراک سے معانی کا اکتساب اور اظہار رائے۔

**حد تدریج**

| گیارھویں جماعت | بارھویں جماعت | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|
| 1۔ نظم و نثر (واقعات، کہانی، تقریر، شاعری وغیرہ) کی حسن و قبح کے ساتھ سماعت کرنا اور رائے دینا<br>2۔ کلام سن کر ادبی، مجازی، تکنیکی اور اصطلاحی مفاہیم تک رسائی حاصل کر کے بیان کرنا<br>3۔ ذرائع ابلاغ سے نشریات وغیرہ سن کر اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور کا تجزیہ اور تنقید کرنا<br>**نوٹ: اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ ( Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔** | | **مہارت "سننا" : تشکیلی جانچ**<br>اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بہ جائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |

### مہارت (ب): بولنا

**معیار:** درست قواعد، تلفظ اور زبان کے اُتار چڑھاؤ کے ساتھ مکمل جملوں میں مختلف صورت حال کے مطابق گفت گو، اپنے موٴقف، مدعا، رائے (مافی الضمیر) کا مدلل بیان، کسی موضوع پر چند جملے یا مربوط اور منظم تقریر

**حد تدریج**

| گیارھویں جماعت | بارھویں جماعت | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|
| 1۔ نظم و نثر کو خوبیوں اور خامیوں کے ساتھ روز مرہ بول چال (اخلاقی، معاشی، معاشرتی اور ثقافتی امور) میں ربط و تسلسل سے مدلل انداز میں پیش کرنا<br>2۔ کسی موضوع پر اپنے خیالات اور مافی الضمیر کو درست لب و لہجے اور انداز کے ساتھ پیش کرنا<br>3۔ منظوم و منثور کلام / ذرائع ابلاغ کی نشریات وغیرہ کا استحسان و تنقید کے ساتھ تجزیہ کرنا<br>**نوٹ: اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ ( Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔** | | **مہارت "بولنا" : تشکیلی جانچ**<br>اس مہارت کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بہ جائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |

| مہارت(ج) : پڑھنا | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **معیار:** الفاظ، جملوں اور تحریر کی پہچان، صحیح تلفظ اور روانی کے ساتھ پڑھائی اور سوالات کے مربوط جوابات | | | | |
| **حدِ تدریج** | | | | |
| **گیارھویں جماعت** | | **بارھویں جماعت** | | **تبصرہ / ریمارکس** |
| 1۔ استحسانی اور تنقیدی نقطہ نظر سے عبارت (نظم ونثر) پڑھنا<br>2۔ عمومی مطالعے کی عادات میں تیز رفتاری کا عنصر پیدا کرنا | | | | **مہارت "پڑھنا"**<br>اس مہارت کا درج شدہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا جب کہ دیگر حاصلات تعلم کی تشکیلی جانچ اساتذہ کرام دوران تدریس کریں گے۔ |
| **حاصل تعلم کا نمبر** | **جانچ کی نوعیت** | **گیارھویں جماعت** | **بارھویں جماعت** | **تبصرہ / ریمارکس** |
| SLO: U-11-C-[03]<br>SLO: U-12-C-[03] | Summative | فہم کے ساتھ نظم ونثر پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جواب دے سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |

**نوٹ:** "پڑھنا" مہارت کے درج بالا حاصل تعلم (SLO) کے علاوہ دیگر تمام حاصلات تعلم (SLOs) تشکیلی جانچ (Formative Assessment) کا حصہ ہوں گے۔ ان کی جانچ اساتذہ کرام دوران تدریس کریں گے۔

**تشکیلی جانچ کے حاصلات تعلم یہ ہیں:**

**گیارھویں جماعت:** SLO: U-11-C-[1] [ 2] [4] [5] [6] [7] [8] [9] [10] [11] [12] [13] [14] [15]

**بارھویں جماعت:** SLO: U-12-C-[1] [ 2] [4] [5] [6] [7] [8] [9] [10] [11] [12] [13] [14] [15]

| مہارت(د): لکھنا | | |
|---|---|---|
| **معیار:** الفاظ وتراکیب، جملوں اور عبارت کا درست قواعد اور ترتیب کے ساتھ نظم ونثر اور روزمرہ تحاریر میں مہارت سے استعمال، مربوط، رواں اور موزوں انداز میں مختلف تحریروں کی ساخت اور اصناف کی مناسبت سے اپنے مشاہدات، خیالات، معلومات اور احساسات کی تحریری پیش کش | | |
| **حدِ تدریج** | | |
| **گیارھویں جماعت** | **بارھویں جماعت** | **تبصرہ / ریمارکس** |

| | |
|---|---|
| 1۔ سیکھی گئی مہارتوں کا استعمال کرتے ہوئے تحریری صلاحیت کا مظاہرہ کرنا<br>2۔ تحریر میں معانی کی وضاحت کے لیے علاماتِ اوقاف اور قواعد کی مہارتوں کو برمحل استعمال کرنا<br>3۔ مصنفین / شعرا کے پس منظر میں افسانوی و غیر افسانوی تحاریر پر تجزیاتی رائے قائم کرنا اور تنقید اور تبصرہ کرنا<br>4۔ حوالوں کے ساتھ مدلل اور معیاری زبان و بیان میں مرکزی خیال / خلاصہ / تبصرہ / موازنہ وغیرہ تحریر کرنا<br>5۔ کسی عنوان پر مربوط کہانی، مضمون، مکالمہ، رپورٹ، کالم، خبریں، اداریہ، آپ بیتی، روزنامچہ، تہنیت نامے، اقرار نامے، تقریر اور اشتہار وغیرہ لکھنا | **مہارت "لکھنا" : حتمی جانچ**<br>اس مہارت کے کچھ حاصلات تعلم کے علاوہ تمام حاصلات تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہوں گے۔ |

| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | گیارھویں جماعت | بارھویں جماعت | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-11-D-[01]<br>SLO: U-12-D-[01] | Formative | مختلف تحریری سرگرمیوں میں جملوں کی ساخت اور املا کی درستی کا خیال رکھتے ہوئے نظر ثانی / ادارت کر سکیں۔(اطلاقی) | | اس حاصل تعلم کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بہ جائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-11-D-[02]<br>SLO: U-12-D-[02] | Summative | نظم و نثر کے مفہوم کو آسان الفاظ میں تحریر کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-D-[03]<br>SLO: U-12-D-[03] | Summative | نظم و نثر کو پڑھ کر ان کے اہم نکات کا خلاصہ لکھ سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-D-[04]<br>SLO: U-12-D-[04] | Summative | نظم و نثر کو پڑھ کر اس کا مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-D-[05]<br>SLO: U-12-D-[05] | Formative | اپنی جماعت کے معیار کے مطابق انگریزی متن کا اُردو میں ترجمہ کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی) | | اس حاصل تعلم کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بہ جائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |
| SLO: U-11-D-[06]<br>SLO: U-12-D-[06] | Summative | کسی بھی موضوع پر کہانی تحریر کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عمومی موضوعات پر کم از کم ۳۵۰ الفاظ پر مشتمل مضمون لکھ سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | گیارھویں جماعت میں کہانی نویسی جب کہ بارھویں جماعت میں مضمون نویسی کی جانچ کی جائے گی۔ |
| SLO: U-11-D-[07] | Summative | رپورٹ / خبریں تحریر کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | اداریہ یا کالم تحریر کر سکیں۔ | گیارھویں جماعت میں رپورٹ / خبریں جب کہ بارھویں |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| SLO: U-12-D-[07] | | | (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | جماعت میں اداریہ یا کالم تحریر کرنے کی جانچ کی جائے گی۔ |
| SLO: U-11-D-[08]<br>SLO: U-12-D-[08] | Summative | متعلقہ معلومات کی فراہمی کے لیے مختلف دستاویزی فارمز مثلاً: شناختی کارڈ فارم اور ب فارم پُر کر سکیں۔ (اطلاقی) | متعلقہ معلومات کی فراہمی کے لیے مختلف دستاویزی فارمز مثلاً: نکاح فارم پُر کر سکیں۔ (اطلاقی) | گیارھویں جماعت میں دستاویزی فارمز مثلاً: شناختی کارڈ فارم اور ب فارم جب کہ بارھویں جماعت میں دستاویزی فارمز مثلاً: نکاح فارم پُر کرنے کی جانچ کی جائے گی۔ |
| SLO: U-11-D-[09]<br>SLO: U-12-D-[09] | Summative | کوائف نامہ، (سی۔وی) تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | آپ بیتی تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | گیارھویں جماعت میں کوائف نامہ، (سی۔وی) جب کہ بارھویں جماعت میں آپ بیتی کی جانچ کی جائے گی۔ |
| SLO: U-11-D-[10]<br>SLO: U-12-D-[10] | Summative | تہنیت نامے تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | اقرار نامے تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | گیارھویں جماعت میں تہنیت نامے جب کہ بارھویں جماعت میں اقرار نامے کی جانچ کی جائے گی۔ |
| SLO: U-11-D-[11]<br>SLO: U-12-D-[11] | Summative | اقتباسات کی تلخیص کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-D-[12]<br>SLO: U-12-D-[12] | Summative | کسی بھی موضوع پر اشعار اور حوالوں کے ساتھ کم از کم ۳۵۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں۔<br>(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-D-[13]<br>SLO: U-12-D-[13] | Summative | پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی ضرورت کے تحت اشتہار تخلیق کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |

## مہارت (ہ): قواعد / زبان شناسی

**معیار:** زبان کے تکنیکی پہلوؤں یعنی قواعد کا عملی زندگی (تحریر اور تقریر) میں درست اور بروقت استعمال

**حد تدریج**

| گیارھویں جماعت | بارھویں جماعت | تبصرہ / ریمارکس |
|---|---|---|
| 1۔ تحریر کو صحت رفتار کے ساتھ پیش کرنا (اس درجے پر موجود وسیع ذخیرہ الفاظ اور قواعد کا تحریر و تقریر میں برمحل اور متوازن استعمال کرنا) | | مہارت ”قواعد / زبان شناسی“ : حتمی جانچ |

| 2۔ تحریر میں رموزِ اوقاف، اعراب اور حروف کا درست استعمال کرنا | | | | اس مہارت کے تمام حاصلات تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہوں گے۔ |
|---|---|---|---|---|
| حاصل تعلم کا نمبر | جانچ کی نوعیت | گیارھویں جماعت | بارھویں جماعت | تبصرہ / ریمارکس |
| SLO: U-11-E-[01]<br>SLO: U-12-E-[01] | Summative | واحد جمع (جمع الجمع) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-E-[02]<br>SLO: U-12-E-[02] | Summative | مترادف الفاظ کی شناخت کرتے ہوئے تحریر میں برجستہ استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-E-[03]<br>SLO: U-12-E-[03] | Summative | ذو معانی الفاظ / جملوں / فقروں کا تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-E-[04]<br>SLO: U-12-E-[04] | Summative | متشابہ الفاظ (بہ لحاظ املا، اعراب، آواز) کا درست استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-E-[05]<br>SLO: U-12-E-[05] | Summative | حرفِ ندا، حرفِ تحسین، حرفِ تاسف، حرفِ جار، حرفِ اضافت، حرفِ استفہام، حرفِ عطف اور حرفِ علت کی نشان دہی کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-E-[06]<br>SLO: U-12-E-[06] | Summative | علاماتِ اوقاف استعجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ، ترچھا خط، علامتِ شعر، علامتِ تخلص اور علامت مصرع کو پہچان کر درست استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-E-[07]<br>SLO: U-12-E-[07] | Summative | ساخت، بناوٹ، روز مرہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | | یہ حاصل تعلم حتمی جانچ / سالانہ امتحان کا حصہ ہو گا۔ |
| SLO: U-11-E-[08]<br>SLO: U-12-E-[08] | Formative | محاورات اور ضرب الامثال کے استعمال سے تخلیقی تحاریر میں معنویت اور معیار کو بڑھا سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | | اس حاصل تعلم کی جانچ سالانہ امتحانی پرچے کی بہ جائے جماعت میں دوران تدریس اساتذہ کرام کریں گے۔ |

# فہرست مصنفین، شعرا اور موضوعات برائے عملی (فنکشنل) اُردو (لازمی)

## قومی نصاب پاکستان 2025ء

| گیارھویں جماعت | | | |
|---|---|---|---|
| افسانوی و غیر افسانوی ادب | ذیلی تقسیم | انتخابی متن / اقتباسات | |
| نثر | سیرت نگاری | اخلاق نبوی ﷺ (عدل و انصاف) | شبلی نعمانی |
| | افسانہ | گھر سے گھر تک | احمد ندیم قاسمی |
| | ڈراما | تعلیم بالغاں (اقتباس) | خواجہ معین الدین |
| | آپ بیتی | ایک استاد عدالت کے کٹہرے میں | اشفاق احمد |
| | مضمون | دو مضامین ٹیکنیکل موضوعات پر مبنی ہوں گے۔<br>1۔ ٹیکنیکل مضامین کی اسکیم آف سٹڈیز کے مطابق چار شعبہ جات (فوڈ پراسسنگ اینڈ پریزرویشن، ہیومن ریسورس منیجمنٹ، موٹر وائنڈنگ، آٹومیشن اینڈ روبوٹکس ٹیکنالوجی) کا مختصر تعارف<br>2۔ کام یابی کا سفر: دو کام یاب کاروباری شخصیات کی کہانی (شہری اور دیہاتی علاقوں سے ایک مرد اور ایک خاتون: ایک ملکی سطح کی اور ایک مقامی سطح کی) شامل کریں۔ | |
| | انشائیہ | مچھر | خواجہ حسن نظامی |
| شاعری | نظم | حمد (کس کا نظام رہ نما ہے افق افق)<br>نعت (اے رسول امیں خاتم المرسلیں ﷺ)<br>خدا کرے کہ مری ارضِ پاک پر اترے<br>خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے<br>رحمان بابا (کلام کا انتخاب۔ کوئی سے پانچ اشعار) | حفیظ تائب<br>سید نفیس شاہ<br>احمد ندیم قاسمی<br>علامہ اقبال<br>ترجمہ: پروفیسر محمد طٰہٰ خان |
| | غزل | اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا<br>سلسلے توڑ گیا وہ سبھی جاتے جاتے<br>بادبان کھلنے سے پہلے کا اشارہ دیکھنا | مومن خان مومن<br>احمد فراز<br>پروین شاکر |

# ہدایات برائے عملی (فنکشنل) اُردو- ایچ ایس ایس سی-I

# (قومی نصاب پاکستان 2025ء)

| | | |
|---|---|---|
| نوٹ: درج ذیل ہدایات کو پرچہ تشکیل دیتے وقت ملحوظ رکھا جائے۔ | | |
| حصہ اوّل (کل نمبر 20) | | |
| سوال نمبر 1 | مہارت عملی قواعد / زبان شناسی وغیرہ کے حاصلات تعلم جو قومی نصاب 2025 برائے عملی (فنکشنل) اُردو (گیارھویں جماعت) میں شامل ہیں، کے مطابق 20 کثیر الانتخابی سوالات دیے جائیں گے۔ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ عملی قواعد / زبان شناسی پر مبنی سوالات جماعت گیارھویں کی درسی کتاب میں موجود مواد یا اس کی مساوی سطح کے مطابق ہونے چاہییں مزید برآں جماعت گیارھویں کے طلبہ کی ذہنی استعداد کو بھی ملحوظ خاطر رکھا جائے۔ | (20) |
| حصہ دوم (کل نمبر 40) | | |
| سوال نمبر 2: جز الف | جز الف: حصہ نثر: نثری عبارت یا اقتباس کی طوالت 150 سے 200 الفاظ پر مشتمل ہو گی جو گیارھویں جماعت کے طلبہ کی ذہنی سطح کے مطابق ہونی چاہیے۔ اس عبارت سے گیارھویں جماعت کے حاصلات تعلم کی روشنی میں 6 سوالات بنائے جائیں گے سوال نمبر 1 اور 2 عملی قواعد / زبان شناسی، سوال نمبر 3 اور 4 عبارت کی تفہیم سے متعلق ہو گا- سوال نمبر 5 مرکزی خیال اور سوال نمبر 6 تلخیص پر مشتمل ہو گا- تیسرے سوال میں انتخاب کا حق حاصل ہو گا۔ یہ عبارت قومی نصاب 2025ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل مصنفین کے مجوزہ موضوعات / تحریروں / متون سے دی جائے گی۔ (6×4=24) | (6×4=24) |
| جز ب | اس حصہ میں دیے گئے دو نظمیہ اور دو غزلیہ اشعار قومی نصاب 2025ء برائے گیارھویں جماعت میں شامل شعرا کی نظمیہ اور غزلیہ شاعری سے لیے جائیں گے اور حاصلات تعلم کی روشنی میں 4 سوالات بنائے جائیں گے۔ چوتھے سوال میں انتخاب کا حق دیا جائے گا۔ (4×4=16) | (4×4 =16) |
| حصہ سوم (کل نمبر 34) | | |
| سوال نمبر 3: | اس سوال میں قومی نصاب 2025ء برائے عملی (فنکشنل) اردو (گیارھویں جماعت) میں شامل حصہ نثر میں سے دو الگ الگ اسباق کی دو عبارات کا مفہوم لکھنے کے لیے دیا جائے گا۔ جن میں سے کسی ایک جز کا مفہوم تحریر کرنا ہو گا۔ عبارت کی طوالت زیادہ سے زیادہ 100 الفاظ پر مشتمل ہونی چاہیے۔ | **5** |
| سوال نمبر 4: | اس سوال میں قومی نصاب 2025ء برائے عملی (فنکشنل) اردو (گیارھویں جماعت) میں شامل شعرا کی نظمیہ اور غزلیہ شاعری سے دو دو اشعار پر مشتمل دو شعری اجزا دیے جائیں گے۔ جن میں سے کسی ایک جز کا مفہوم تحریر کرنا ہو گا۔ | 5 |
| سوال نمبر 5: | رپورٹ نویسی، کہانی نویسی میں سے کسی ایک موضوع پر لکھنے کے لیے ایک سوال دیا جائے گا۔ متن (5) نمبر، زبان شناسی / عملی قواعد (2) نمبر | 5+2=7 |
| سوال نمبر 6: | اس سوال میں کوائف نامہ کی جگہ دستاویزی فارم بھی دیا جا سکتا ہے۔ ساخت (سٹرکچر) کے مطابق نمبروں کی تقسیم ہو گی۔ | 7 |
| سوال نمبر 7: | اس سوال میں اشتہار کی بہ جائے تہنیت نامہ بھی دیا جا سکتا ہے۔ ساخت (سٹرکچر) کے مطابق نمبروں کی تقسیم ہو گی۔ | 8 |
| سوال نمبر 8: | اس سوال میں تقریر لکھنے کے لیے کوئی سے تین عنوانات دیے جائیں گے۔ جن میں سے کسی ایک پر 200 سے 250 الفاظ پر مشتمل تقریر لکھنی ہو گی۔ متن (5) نمبر، زبان شناسی / عملی قواعد (3) نمبر | 5+3=8 |
| **نوٹ: ماڈل پرچے میں پوچھے گئے سوالات سے ہم آہنگ دیگر SLOs اور مہارتوں سے بھی سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔** | | |

| ROLL NUMBER | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |
| 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 | 9 |

| VERSION NO | | | |
|---|---|---|---|
| | | | |
| 0 | 0 | 0 | 0 |
| 1 | 1 | 1 | 1 |
| 2 | 2 | 2 | 2 |
| 3 | 3 | 3 | 3 |
| 4 | 4 | 4 | 4 |
| 5 | 5 | 5 | 5 |
| 6 | 6 | 6 | 6 |
| 7 | 7 | 7 | 7 |
| 8 | 8 | 8 | 8 |
| 9 | 9 | 9 | 9 |

# عملی (فنکشنل) اُردو ایچ ایس ایس سی۔I

(قومی نصاب 2025)

حصہ اوّل (کل نمبر 20)

وقت: 20 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.
*Do not use lead pencil.*

حصّہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔
کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**Candidate Sign.**___________ **Invigilator Sign.** ____________

نوٹ: ہر جز کے لیے درست دائرہ پُر کریں۔ ہر جز کا ایک نمبر ہے۔

**Note: Fill the correct bubble for each part. Each part carries one mark.**

| د | ج | ب | الف | د | ج | ب | الف | سوال | سیریل |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| O | O | O | O | آسمان سے سورج توڑلانا | آسمان سے چاند توڑلانا | آسمان سے پھول توڑلانا | آسمان سے تارے توڑلانا | درست محاورے کا انتخاب کریں۔ | .i |
| O | O | O | O | وقفہ | رابطہ | ختمہ | سکتہ | جیسا کروگے: ویسا بھروگے<br>اس جملے میں علامت استعمال ہوئی ہے۔ | .ii |
| O | O | O | O | جمع الجمع | جمع سالم | جمع مکسر | تثنیہ | " اخبارات " قواعد کی رو سے ہے۔ | .iii |
| O | O | O | O | ؛ | ؟ | – | ! | "تم کب آؤ گے" اس جملے میں علامت استعمال ہوگی | .iv |
| O | O | O | O | ؎ | ع | ے | ! | علامت شعر کی نشان دہی کریں۔ | .v |
| O | O | O | O | فلک | چاند | ستارے | زمین | آسمان کا مترادف ہے۔ | .vi |
| O | O | O | O | کھڑکی | تصویر | میز | کان | ذو معنی لفظ کی نشاندہی کیجیے۔ | .vii |
| O | O | O | O | واہ واہ! | کب | یا خدا! | شاباش! | حرف ندا کی مثال ہے۔ | .viii |
| O | O | O | O | ادویہ | دواؤں | ادویات | دوائیں | دوا کی جمع الجمع ہے۔ | .ix |
| O | O | O | O | تاسف | علت | اضافت | عطف | میں اور آپ لاہور جائیں گے۔<br>اس جملے میں حرف استعمال ہوا ہے | .x |
| O | O | O | O | ذو معنی | مترادف | جمع | متضاد | "دشوار، مشکل" قواعد کی رو سے ہیں۔ | .xi |
| O | O | O | O | احمد، اسلم اور اکرم اچھے دوست ہیں | یہ میرا قلم ہے۔ | پاس ہونے والے طلبا کے نام یہ ہیں:- | آپ کون ہیں؟ | تفصیلیہ کی علامت استعمال ہوئی ہے۔ | .xii |
| O | O | O | O | وہ دن بدن آتا ہے | وہ ہر روز آتا ہے | وہ آئے روز آتا ہے | وہ ہر دن آتا ہے | روزمرہ کی رو سے درست جملہ ہے۔ | .xiii |

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| xiv. | حرف اضافت کا استعمال ہوا ہے۔ | صبح و شام | سایہ دار درخت | چار سیب | گنجینۂ گوہر | O | O | O | O |
| xv. | تشابہ الفاظ کی جوڑی ہے۔ | دن رات | عرض ارض | سڑک شاہراہ | آنا جانا | O | O | O | O |
| xvi. | حروف تحسین کی مثال ہے۔ | اوہو | شاباش | اُف | کیوں کہ | O | O | O | O |
| xvii. | درست تشابہ الفاظ کی نشان دہی کریں۔ | علم، الم | علم، علامت | زمین آسمان | کھانا پینا | O | O | O | O |
| xvii. | مالی نے گلاب کی قلم لگائی۔ ذو معنی لفظ کی نشاندہی کریں۔ | مالی | گلاب | قلم | لگائی | O | O | O | O |
| xix. | حادثات جمع الجمع ہے۔ | حادثہ کی | حدیث کی | حادثے کی | حادثوں کی | O | O | O | O |
| xx. | حرف جار کی نشان دہی کریں۔ | اور | پر | کیوں | اگر | O | O | O | O |

فیڈرل بورڈ امتحان برائے گیارھویں جماعت(HSSC-I)

ماڈل پرچہ عملی(فنکشنل)اُردو

قومی نصاب(2025)

وقت: 2:40 گھنٹے — کل نمبر: 80

نوٹ: حصہ دوم اور حصہ سوم میں دی گئی ہدایات کے مطابق سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔جوابات مختص کردہ جگہ پر تحریر کریں۔

حصہ دوم کل نمبر(40)

| | | |
|---|---|---|
| سوال نمبر2 | (الف:حصہ نثر) عبارت پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ | (6x4=24) |
| | شام کے وقت مجھے ایک تار ملا کہ محترمی جناب پروفیسر صاحب فلاں فلاں مقام پر فلاں چوراہے پر آپ کا چالان کر دیا گیا تھا، فلاں سپاہی نے۔ یہ نمبر ہے آپ کے چالان کا۔ آپ نے ابھی تک کہیں بھی چالان کے پیسے جمع نہیں کروائے، یہ بڑی حکم عدولی ہے۔ مہربانی فرما کر اسے جمع کروادیں۔ آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ تقریباً 21 روپے کا تار تھا۔ میں نے سارے لفظ گنے۔ مجھ سے یہ کوتاہی ہوئی کہ میں پھر بھول گیا، اور ان کا پھر ایک تار آیا۔ اگر آپ اب بھی رقم جمع نہیں کروائیں گے تو پھر ہمیں افسوس ہے کہ کورٹ میں پیش کر دینا پڑے گا۔ مجھ سے کوتاہی ہوئی نہیں جاسکا۔ تب مجھے کورٹ سے ایک سمن آگیا کہ فلاں تاریخ کو عدالت میں پیش ہو جائیں، اور یہ جو آپ نے حکم عدولی کی ہے، قانون توڑا ہے، اس کے بارے میں آپ سے پورا انصاف کیا جائے گا۔ اب میں ڈرا، میری سٹی گم ہوئی۔ پریشان ہوا کہ اب میں دیارِ غیر میں ہوں۔ کوئی میرا حامی وناصر مددگار نہیں ہے۔ میں کس کو اپنا والی بناؤں گا۔ | |
| | **سوالات:** | |
| i. | درج ذیل الفاظ کے مترادف الفاظ عبارت میں سے تلاش کر کے لکھیں۔<br>نافرمانی، غلطی، ناصر، پرایا | |
| ii. | عبارت میں سے حرف علّت، اضافت، جار اور عطف کی ایک ایک مثال تلاش کر کے لکھیں۔ | |
| iii. | مصنف نے کیا حکم عدولی کی تھی؟ یا مصنف کو کس سلسلے میں تار موصول ہوا تھا؟ | |
| iv. | مصنف کی سٹّی کیوں گم ہو گئی تھی؟ | |
| v. | دی گئی عبارت کا مرکزی خیال تحریر کریں۔ | |
| vi. | دی گئی عبارت کی تلخیص کریں۔ | |
| | (ب:حصہ شعر) درج ذیل اشعار کو پڑھ کر دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیے۔ | (4x4=16) |
| i. | خدا تجھے کسی طوفاں سے آشنا کر دے — کہ تیرے بحر کی موجوں میں اضطراب نہیں | |
| ii. | ہر ایک فرد ہو تہذیب و فن کا اوجِ کمال — کوئی ملول نہ ہو کوئی خستہ حال نہ ہو | |
| iii. | شکوۂ ظلمت شب سے تو کہیں بہتر تھا — اپنے حصے کی کوئی شمع جلاتے جاتے | |
| iv. | ایک مشتِ خاک اور وہ بھی ہوا کی زد میں ہے — زندگی کی بے بسی کا استعارہ دیکھنا | |
| | **سوالات:** | |
| i. | شاعر نے طوفان سے آشنا ہونے کی تمنا کیوں کی ہے؟ (بحوالہ شعر i) | |
| ii. | شاعر اپنی قوم کے افراد کے لیے کیا احساسات رکھتا ہے؟ (بحوالہ شعر ii) | |

| | | |
|---|---|---|
| .iii | ظلمت شب کا شکوہ کرنے کی بہ جائے شاعر نے کیا تاکید کی ہے؟ (بحوالہ شعر iii) | |
| .iv | ”مشتِ خاک“ سے کیا مراد ہے؟ (بحوالہ شعر i v) یا چوتھے شعر کا مفہوم لکھیں۔ | |
| **حصہ سوم (کل نمبر 40)** | | |
| **سوال نمبر 3:** | **درج ذیل میں سے کسی ایک جز و کا مفہوم لکھیں۔** | **(5)** |
| | حاجی مقتدا احمد کے دیوان خانے میں قدم رکھتے ہی شیخ نور الزمان کی بیوی عشرت خانم، ان کی بیٹی ہما اور بیٹے وقار کا سارا رعب داب صابن کے جھاگ کی طرح فشافش ہو گیا۔ یہ لوگ جس کار میں حاجی صاحب کے ہاں آئے تھے وہ اتنی لمبی تھی کہ اگر ہوائی اڈے پر کھلے دروازوں کے ساتھ کھڑی ہوتی تو لوگ اسے طیارہ سمجھتے۔ حاجی صاحب کی گلی میں مڑتے ہوئے ڈرائیور کو اسی لیے خاصی دِقت ہوئی تھی۔<br>**یا**<br>اتنے بڑے ڈیل ڈول کا انسان ذرا سے بھنگے پر قابو نہیں پا سکتا۔ طرح طرح کے مصالحے بھی بناتا ہے کہ ان کی بُو سے مچھر بھاگ جائیں۔ لیکن مچھر اپنی یورش سے باز نہیں آتے۔ آتے ہیں اور نعرے لگاتے ہوئے آتے ہیں۔ بے چارہ آدم زاد حیران رہ جاتا ہے اور کسی طرح ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ امیر غریب، ادنیٰ اعلیٰ، بچے بوڑھے، عورت مرد، کوئی اس کے وار سے محفوظ نہیں۔ | |
| **سوال نمبر 4:** | **درج ذیل اشعار کا مفہوم آسان الفاظ میں لکھیں۔**<br>کس کا نظام رہ نما ہے اُفق اُفق — کس کا دوام گونج رہا ہے اُفق اُفق<br>شانِ جلال کس کی عیاں ہے جبل جبل — رنگِ جمال کس کا جما ہے اُفق اُفق<br>**یا**<br>اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا — رنج راحت فزا نہیں ہوتا<br>تم مِرے پاس ہوتے ہو گویا — جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا | 5 |
| **سوال نمبر 5:** | کالج میں منعقد ہونے والی ایک سائنسی نمائش کی رپورٹ لکھیں۔ | 5+2=7<br>متن (5) نمبر، زبان شناسی / عملی قواعد (2) نمبر |
| **سوال نمبر 6:** | اپنا کوائف نامہ تحریر کریں۔ | 7 |
| **سوال نمبر 7:** | الیکٹریکل انجینئر کی خالی آسامی پُر کرنے کے لیے ایک اشتہار تحریر کریں۔ | 8 |
| **سوال نمبر 8:** | درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 200 سے 250 الفاظ پر مشتمل تقریر تحریر کریں۔<br>• اقبال کا پیغام<br>• ٹیکنیکل تعلیم اور ملکی ترقی<br>• ای بزنس۔ وقت کی اہم ضرورت | 5+3=8<br>متن (5) نمبر، زبان شناسی / عملی قواعد (3) نمبر |

عملی (فنکشنل) اُردو قومی نصاب ۲۰۲۵ء

ماڈل پرچہ برائے گیارھویں جماعت

سوالات کی حاصلات تعلم کے ساتھ مطابقت / تعلق

SLOs Alignment Chart

| نمبر شمار | حصہ: سوال نمبر۔ (جزو نمبر) | مہارت | حاصلات تعلم | وقوفی میدان cognitive Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| حصہ اول | | | | | |
| 1 | i. | قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[07] ساخت، بناوٹ، روز مرہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | A | 1 |
| 2 | ii. | عملی قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[06] علاماتِ اوقاف استعجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ، ترچھاخط، علامتِ شعر، علامتِ تخلص اور علامت مصرع کو پہچان کر درست استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | A | 1 |
| 3 | iii. | عملی قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[01] واحد جمع (جمع الجمع) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | A | 1 |
| 4 | iv. | عملی قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[06] علاماتِ اوقاف استعجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ، ترچھاخط، علامتِ شعر، علامتِ تخلص اور علامت مصرع کو پہچان کر درست استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | A | 1 |
| 5 | v. | عملی قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[06] علاماتِ اوقاف استعجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ، ترچھاخط، علامتِ شعر، علامتِ تخلص اور علامت مصرع کو پہچان کر درست استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | A | 1 |
| 6 | vi. | عملی قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[02] مترادف الفاظ کی شناخت کرتے ہوئے تحریر میں برجستہ استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | A | 1 |
| 7 | vii. | عملی قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[03] ذو معانی الفاظ / جملوں / فقروں کا تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | A | 1 |
| 8 | viii. | عملی قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[05] حرفِ ندا، حرفِ تحسین، حرفِ تاسف، حرفِ جار، حرفِ اضافت، حرفِ استفہام، حرفِ عطف اور حرفِ علت کی نشان دہی کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | A | 1 |
| 9 | ix. | عملی قواعد / زبان شناسی | SLO: U-11-E-[01] واحد جمع (جمع الجمع) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | A | 1 |
| 10 | x. | عملی قواعد / زبان | SLO: U-11-E-[05] حرفِ ندا، حرفِ تحسین، حرفِ تاسف، حرفِ جار، حرفِ | A | 1 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | اضافت، حرفِ استفہام، حرفِ عطف اور حرفِ علت کی نشان دہی کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | شناسی | | |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[02] مترادف الفاظ کی شناخت کرتے ہوئے تحریر میں برجستہ استعمال کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xi. | 11 |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[06] علاماتِ اوقاف استعجابیہ، استفہامیہ، تفصیلیہ، رابطہ، ترچھاخط، علامتِ شعر، علامتِ تخلص اور علامت مصرع کو پہچان کر درست استعمال کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xii. | 12 |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[07] ساخت، بناوٹ، روزمرہ اور محاورے کے لحاظ سے غلط فقرات / جملوں کی درستی کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xiii. | 13 |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[05] حرفِ ندا، حرفِ تحسین، حرفِ تاسف، حرفِ جار، حرفِ اضافت، حرفِ استفہام، حرفِ عطف اور حرفِ علت کی نشان دہی کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xiv. | 14 |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[04] متشابہ الفاظ (بہ لحاظ املا، اعراب، آواز) کا درست استعمال کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xv. | 15 |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[05] حرفِ ندا، حرفِ تحسین، حرفِ تاسف، حرفِ جار، حرفِ اضافت، حرفِ استفہام، حرفِ عطف اور حرفِ علت کی نشان دہی کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xvi. | 16 |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[04] متشابہ الفاظ (بہ لحاظ املا، اعراب، آواز) کا درست استعمال کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xvii. | 17 |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[04] متشابہ الفاظ (بہ لحاظ املا، اعراب، آواز) کا درست استعمال کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xviii. | 18 |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[01] واحد جمع (جمع الجمع) بنا سکیں اور استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xix. | 19 |
| 1 | A | SLO: U-11-E-[05] حرفِ ندا، حرفِ تحسین، حرفِ تاسف، حرفِ جار، حرفِ اضافت، حرفِ استفہام، حرفِ عطف اور حرفِ علت کی نشان دہی کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | xx. | 20 |
| | | **حصہ دوم** | | | |
| **ماڈل پرچے میں مختص نمبر** | **وقوفی میدان cognitive Level** | **حاصل تعلم** | **مہارت** | **سوال ۲ (جز: الف)** | |
| 4 | A | SLO: U-11-E-[02] مترادف الفاظ کی شناخت کرتے ہوئے تحریر میں برجستہ استعمال کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | عملی قواعد / زبان شناسی | i. | 21 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 22 | ii. | | SLO: U-11-E-[05] حرفِ ندا، حرفِ تحسین، حرفِ تاسف، حرفِ جار، حرفِ اضافت، حرفِ استفہام، حرفِ عطف اور حرفِ علت کی نشان دہی کرتے ہوئے تحریر و تقریر میں استعمال کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | A | 4 |
| 23 | iii. | پڑھنا | SLO: U-11-C-[03] فہم کے ساتھ نظم ونثر پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جواب دے سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی) | K/K | 4/4 |
| 24 | iv. | | | K+U | 2+2 |
| 25 | v. | لکھنا | SLO: U-11-D-[04] نظم ونثر کو پڑھ کر اس کا مرکزی خیال تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | U+A | 2+2 |
| | vi. | | SLO: U-11-D-[11] اقتباسات کی تلخیص کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی) | U+A | 2+2 |
| **سوال۲(جز:ب)** | | | | | |
| 26 | i. | پڑھنا | SLO: U-11-C-[03] فہم کے ساتھ نظم ونثر پڑھ کر متعلقہ سوالات کے جواب دے سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی) | U+A | 3+1 |
| 27 | ii. | | | U+A | 3+1 |
| | iii. | | | U+A | 3+1 |
| 28 | iv. | | | U+A/U+A | 3+1/3+1 |

**حصہ سوم**

| | سوال نمبر | مہارت | حاصل تعلم | وقوفی میدان cognitive Level | ماڈل پرچے میں مختص نمبر |
|---|---|---|---|---|---|
| 29 | سوال۳ | لکھنا | SLO: U-11-D-[02] نظم ونثر کے مفہوم کا آسان الفاظ میں تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | K<br>U<br>A | 1<br>2<br>2 |
| 30 | سوال۴ | لکھنا | SLO: U-11-D-[02] نظم ونثر کے مفہوم کا آسان الفاظ میں تحریر کر سکیں۔ (تفہیمی / اطلاقی) | K<br>U<br>A | 1<br>2<br>2 |
| 31 | سوال۵ | لکھنا | SLO: U-11-D-[07] رپورٹ / خبریں تحریر کر سکیں۔ (علمی / تفہیمی / اطلاقی) | K<br>U<br>A | 2<br>2<br>3 |
| 32 | سوال۶ | لکھنا | SLO: U-11-D-[09] کوائف نامہ، (سی۔وی) تحریر کر سکیں۔(تفہیمی / اطلاقی) | K<br>U<br>A | 2<br>2<br>3 |
| 33 | سوال۷ | لکھنا | SLO: U-11-D-[13] پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کی ضرورت کے تحت اشتہار تخلیق کر سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | K<br>U | 3<br>2 |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 3 | A | | | | |
| 3<br>2<br>3 | K<br>U<br>A | SLO: U-11-D-[12] کسی بھی موضوع پر اشعار اور حوالوں کے ساتھ کم از کم ۳۵۰ الفاظ پر مشتمل تقریر لکھ سکیں۔(علمی / تفہیمی / اطلاقی) | لکھنا | سوال۸ | 34 |

*Cognitive Level

K: Knowledge

U: Understanding

A: Application

<u>**Table of Specification**</u>

**Model Paper Functional Urdu HSSC-I**

| فیصد | کل نمبر | عملی قواعد/زبان شناسی | لکھنا | پڑھنا | مہارت/موضوع<br>وقوفی میدان |
|---|---|---|---|---|---|
| **20.37** | **22** | ---------------------- | 3(1)، 4(1)، 5(2)،<br>6(2)، 7(3)، 8(3)، | الف (iii/f) (4)، 2 الف (iii/s)<br>(4)، 2 الف(iv) (2)، | **یاد میں لانا**<br>**20٪** |
| **28.7** | **31** | ---------------------- | 2 الف(v) (1)، 2 الف(vi) (1)،<br>3(2)، 4(2)، 5 (2)، 6 (2)<br>7(2)، 8(2)، | 2 الف(iv) (2)،<br>2 ب (i) (3)، 2ب(ii) (3)، 2 ب<br>(iii) (3)، 2 ب (iv/f) (3)، 2 ب<br>(iv/s) (3)، | **سمجھنا**<br>**30 ٪** |
| **50.93** | **55** | 1 (i) (1)، 1 (ii) (1)، 1 (iii) (1)، 1 (iv) (1)،<br>1(v) (1)، 1 (vi) (1)، 1(vii) (1)، 1(viii) (1)،<br>1(ix) (1)، 1 (x) (1)، 1 (xi) (1)، 1(xii) (1) ،<br>1 (xiii) (1)، 1(xiv) (1)، 1(xv) (1)، 1(xvi) (1)،<br>1(xvii) (1)، 1(xviii) (1)، 1(xix) (1)، 1(xx) (1)،<br>2الف(i) (4)، 2الف(ii) (4)، | 2 الف(v) (3)، 2 الف(vi) (3)،<br>3(2)، 4(2)، 5(3)، 6(3)، 7(3)،<br>8(3)، | 2 ب (i) (1)، 2ب(ii) (1)، 2 ب<br>(iii) (1)، 2 ب (iv/f) (1)، 2 ب<br>(iv/s) (1)، | **اطلاق/لاگو کرنا**<br>**50٪** |
| **100%** | **108** | **28** | **48** | **32** | **کل نمبر** |
| **……** | **…..** | **26** | **44.4** | **29.6** | **کل فیصد** |

**Note:**

1. This TOS does not reflect policy, but it is particular to this model question paper.
2. Proportionate/equitable representation of the content areas may be ensured.
3. While selecting alternative questions for Short Response Questions (SRQs) and Extended Response Questions (ERQs), it must be kept in mind that:
   - Cognitive level of two alternative questions of the internal choice will be the same.
   - Difficulty levels of two alternative questions of the internal choice will be the same.

111 032 473
For more information, please visit
www.fbise.edu.pk

/ Federal.BISE.Official / FBISEOfficial / fbise.official